


**NUQTAH** Journal of Theological Studies

**Editor: Dr. Shumaila Majeed**

(Bi -Annual)

Languages: Urdu, Arabic and English

pISSN: 2790 5330 eISSN : 2790 -5349

https://nuqtahjts.com/index.php/njts

**Published By:**
Resurgence Academic and Research Institute, Lahore, (53720) Pakistan.

**Email:** editor@nuqtahjts.com

# حقوق نسواں کے تعین میں عرف وعادت کا کردار (فکر اسلامی کے تناظر میں تجزیاتی مطالعہ)

# The Role of Customs and Traditions in Defining Women's Rights: An Analytical Study in the Perspective of Islamic ThoughtMaria

**Abbas**
Ph.D Scholar, Bahauddin Zakriya University, Multan
Email : mariaabbas466@gmail.com

**Prof Dr Abdul Quddus Suhaib**
Director, Islamic Research Center, Bahauddin Zakariya University, Multan
Email: aqsuhaib@gmail.com

Published online: 10 December 2025

View this issue

OPEN ACCESS

CC BY

Complete Guidelines and Publication details can be found at

https://nuqtahjts.com/index.php/njts/publication-ethics

# Abstract

Customary practice (urf) in society serves as a fundamental source for any traditional or legal framework, and it plays a meaningful role in the formulation and regulation of laws. This ʿurf is shaped collectively by both men and women, and together they lay the foundation of a better society. In other words, the way of life and conduct of a community is what is termed as ʿurf and practice.

On one hand, there are the rights granted to women by divine religions; on the other, there is society itself, which acts as a living laboratory for safeguarding and implementing these laws. The legislative literature of Islam, particularly the Sunnah of the Prophet (peace be upon him), makes it very clear that the position, status, and constitutional as well as legal rights of women are truthful, enduring, and without any form of discrimination at any level.

However, the contemporary world has undergone drastic changes in terms of family, social, economic, and cultural structures, bringing with it significant transformations in the personal roles and responsibilities of men and women. This raises a pressing question before us: Has this social transformation ensured the protection of women's rights, or has it, instead, made women more vulnerable to exploitation? And what is the practical situation of applying the rights granted to women by Islam in today's world? These lines aim to discuss precisely this issue.


**Keywords:** Urf , Custom , Tradition, Society, Islamic thoughts, Women's Rights , and Culture

.

## موضوع کا تعارف اور ضرورت و اہمیت

معاشرہ اور سماج کسی بھی ترقی یافتہ اور مہذب قوم کا پہلا ادارہ ہوتا ہے جہاں افراد تربیت پا کر ملک وملت کے لیے باعث نفع بنتے ہیں، گویا معاشرہ جتنی طاقت اور باشعور ہوگی قوم کا مستقبل اتنا ہی بہترین اور روشن ہوگا، یہ معاشرہ مرد و عورت سے مل کر تشکیل پاتی ہے، دونوں کی ذمہ داری اگرچہ جدا جدا ہوتی ہیں مگر مقصدیت کے اعتبار سے وہ ہمیشہ ایک ہوتے ہیں، اگر کسی سماج میں صنفی امتیاز یا تفریق ہوگی اور بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی ایک فریق زیر استعمال رہے گا تو سماجی ترقی، جمود اور تنزلی کا شکار ہو جائے گی۔

صنفی امتیازات تاریخی اعتبار سے انسانی معاشروں کا ہمیشہ سے ہی حصہ رہے ہیں لیکن یہ امر قابل ذکر ہے کہ ان تعصبات کا خاتمہ اور بغیر کسی تفریق کے آگے بڑھنے کے عمل میں اغلب کوششیں انفرادی و اجتماعی حوالوں سے سماج میں موجود رہی ہیں، محض سماج ہی نہیں بلکہ مذاہب بھی ہمیشہ ایک مستند کردار کے ساتھ ان کوششوں کا محرک رہے، قدیم مذہبی و تشریعی لٹریچر احترام انسانیت پر نہ صرف زور دیتا ہے بلکہ ایسی حرمت کی پامالی پر سخت سزاؤں کے نفاذ کو بھی یقینی بناتا ہے۔

بقیہ مذاہب کی طرح مذہب اسلام نے بھی انسانی حقوق و وقار پر زور دیا اور بالخصوص ایک جانبدار سماج میں عورتوں کو ہر طرح کے سماجی، سیاسی، معاشی اور معاشرتی حقوق عطا کیے، مذہب اسلام کے تشریعی لٹریچر (قرآن و سنت) کی تشریحات اور ان متون پر استوار فقہی قوانین میں عورتوں کی حقوق کے تحفظ پر بیسیوں مناہج

موجود ہیں، معاصر دنیامیں اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ ان تعلیمات کی روشنی میں آج کے سماج اور معاشرے کو موضوع تحقیق بنایا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ ان حقوق کو سماجی سطح پر کتنا قابل وقعت سمجھا جارہا ہے، نیز اس بات کا تعین بھی ضروری ہے کہ عرف وعادت اور رسوم ورواجات ان عورتوں کے حقوق کے تحفظ و رعایت میں کس قدر حساس ہیں۔ معاصر دنیامیں یہ مسئلہ اور بھی زیادہ اہم ہو گیا ہے کیونکہ اس میں عورت تاریخی اعتبار سے شعوری اپج کی اعلٰی سطح پر موجود ہے، یہ عورت بحیثیت ایک سماجی اکائی، سماج کی تعمیر وترقی کے لیے اتنی ہی اہم ہے جتنی اہمیت کا حامل ایک مرد ہے، اگر اس کی صنف معاشرتی تفریق اور ناانصافی سے دوچار ہو گی تو یہ براہ راست سماج کا مسئلہ ہو گا اور اس کی ترقی کا عمل منجمد ہو جائے گا، ان سطور کی روشنی میں ہم اس موضوع تحقیق کی اہمیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں اور اس پر کام کرنے کی ناگزیریت کو سمجھ سکتے ہیں

## سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ

اس موضوع پر سید جلال الدین انصر عمری کی کتاب "عورت اسلامی معاشرہ میں" بہترین اساسی کتاب ہے، جس میں قدیم تہذیبوں اور قدیم مذاہب میں عورت کی حیثیت پر روشنی ڈالی گئی ہے، اسی طرح اس کتاب میں مصنف نے عورت اور جدید سماجی نظریات کے بارے میں بات کی ہے، اسلامی سماج سماج میں عورت کے کردار، اس کا علمی مرتبہ اور مذہب اسلام میں عورت کو حاصل حقوق پر سیر بحث کی گئی ہے، کتاب کے آخر میں عورت کا بحیثیت سیکس سمبل کے کاروباری مفادات یا ذاتی خواہشات کی تسکین میں استحصال، موضوع بحث ہے۔[1]

خواتین کے حقوق اور اسلام کے حوالے سے مختلف موضوعات پر علمی تحقیق پیش کی جاچکی ہے۔ عورتوں کی سماجی حیثیت، ان کے حقوق و فرائض اور معاشرتی کردار کے متعلق مختلف مؤلفین اور محققین نے اپنی آراء اور خیالات کا اظہار کیا ہے، اسلامی معاشرے میں خواتین کا مقام، ان کے حقوق کی اہمیت اور ان کا تحفظ، خاص طور پر جدید تناظر میں خواتین کی حیثیت پر بہت سے اہلِ علم نے قلم اٹھایا ہے۔

اسلام میں عورت کی حیثیت کے حوالے سے متعدد کتب موجود ہیں جن میں اسلام اور عورت، عورت کا مقام، خواتین کے حقوق، عورت اور اسلام، عورت کی تعلیم، اور عورت کا پردہ شامل ہیں۔ ان موضوعات پر تحقیق نے کئی پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے، خاص طور پر اسلامی تعلیمات میں عورت کے حقوق کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

"Feminism and Islam" کے موضوع کے تحت بھی اگر دیکھا جائے تو اس بارے میں بکثرت مغربی مصنفین اور موجودہ مسلم مفکرین کی تحریریں موجود ہیں۔ کچھ مؤلفین نے جدید مسلم معاشروں میں خواتین کے موجودہ حالات کو تنقیدی نظر سے دیکھا ہے اور اسلام کی جدید تعبیرات اور ردِ عمل کو جانچنے کی کوشش کی ہے۔ جبکہ کچھ محققین نے یہ ثابت کیا ہے کہ اسلام نے عورت کو جو حقوق دیے ہیں وہ کسی بھی جدید تحریک سے بڑھ کر ہیں۔ اسلام نے عورت کی فطرت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اسے حقوق دیے اور ان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا۔ بعض محققین نے عورت کو صرف جذبات کا پیکر کہنے کو بھی ناقص تصور قرار دیا ہے۔

اس سلسلے میں عشرت آمین کی تحقیق خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ: ''اسلام تنقید کا نہیں، تحقیق کا مطالبہ کرتا ہے''۔ اُن کا کہنا ہے کہ عورت کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے کہ ان کو اسلامی تناظر میں سمجھا جائے۔ انہوں نے ''اسلام اور عورت'' کے موضوع پر کئی نئے پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ ان کے مطابق اسلام عورت کو عزت و وقار عطا کرتا ہے فاضل مصنف کی جدید مغربی افکار کو اسلام کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش قابلِ ذکر ہے۔

ڈاکٹر مصطفٰی سباعی کی کتاب ''المرأة بين الفقه والقانون'' میں بنیادی طور پر عورت کی فقہی و قانونی جہت کا جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اسلام نے عورت کو جو حقوق دیے ہیں وہ فطری تقاضوں کے مطابق ہیں اور ان پر عمل ہی اس کی فلاح کی ضمانت ہے۔ انہوں نے اس میں صرف مذہبی پہلو ہی نہیں بلکہ سماجی اور معاشرتی پہلو کو بھی اجاگر کیا ہے۔[2]

محمد ابراہیم نے اپنی کتاب "تحریر مراۃ آفاقی عمر زادِ سلہ" بنیادی طور پر قرآن کی تفسیر اور حج کے موضوع پر کی، لیکن اس میں بھی عورت سے متعلق حقوق بیان کیے گئے ہیں اور قرآن مجید میں عورت سے متعلق ہونے والی آیات، تفکر اور جدید تحقیقات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

سمیعہ جنیدی نے "اسلام اور عورت" کے موضوع پر تحقیق کرتے ہوئے یہ نکتہ اٹھایا ہے کہ مسلم عورت کا کردار کسی جدید فیمینسٹ تحریک کی مرہونِ منت نہیں بلکہ اسلامی تعلیمات میں موجود ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مسلمان خواتین کو جب اسلام کے احکامات کے مطابق تعلیم دی جائے تو وہ اپنا کردار بہتر انداز میں ادا کر سکتی ہیں۔ ان کی تحقیق نے اس موضوع کو ایک نئی سمت مہیا کی ہے۔

## عرف وعادت کا مفہوم :

- **عرف کا لغوی معنی :**

ماہرین لغت نے عرف کے کئی معانی بیان کیے ہیں۔ مشہور ماہرین، لغت نے عرف کے مندرجہ ذیل معانی بیان کیے ہیں :

- **اتصال واطمینان :**

عرف کا معنی بیان کرتے ہوئے ابن فارس لکھتے ہیں ::

عرف العین والراء والفاء: أصلان، یدخل أحدھما علی تتابع الشيء متصلا بعضہ ببعض، والآخر علی السکون والطمانیۃ

ترجمہ: "عرف جس کا مادہ ع۔ ر۔ ف ہے کے دو حقیقی معانی ہیں، ایک کسی شے کا دوسری شے کے ساتھ متصل ہو کر آنا ہے اور دوسرا سکون اور اطمینان ہے "

اس معنی کی مثال یہ ہے: جاءت القطا عرفا عرفا[3] ترجمہ: "کونجیں جھنڈ در جھنڈ آئیں "

دوسرا معنی بیان کرتے ہوئے ابن فارس نے یہ مثال بیان کی ہے :

عرف فلان فلانا عرفانا و معرفۃ[4] ترجمہ: "فلاں شخص نے فلاں کو خوب اطمینان کی حد تک پہچان لیا "

گویا لفظ عرف کے معنی میں خوب جان پہچان کی خصوصیت پائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ "رجل عروف" اس شخص کو کہتے ہیں جو خوب جان پہچان والا ہو۔ اسی طرح عربی میں کہتے ہیں عرفتہ زیدا میں نے اسے زید کے بارے میں اچھی طرح بتا دیا۔ [5]

## علم ومعرفت اور جان پہچان :

عَرَفَ یَعْرِفُ عِرْفَاناً کے لغوی معنی جاننے کے ہیں اور اسی سے معرفت ہے جیسا کہ امام راغب اصفہانی فرماتے ہیں کہ تفکر و تدبر کے ساتھ کسی چیز کو اچھی طرح جاننا معرف کہلاتا ہے۔

عرف: المعرفۃ والعرفان إدراک الشيء بتفکر وتدبر لأثرہ وھو أخص من العلم[6]

ترجمہ: "عرف: معرفت اور عرفان کسی شے کو اس کے اثر کی وجہ سے خوب غور و فکر کے ساتھ جان لینے کا نام ہے اور یہ علم سے زیادہ خاص ہے "

عرف کے قرآنی اطلاقات:

قرآن مجید میں اس کا ذکر یوں ہے :

وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ[7]

ترجمہ: "اور اللہ نے نبی ﷺ کو اس (افشائے راز) کی اطلاع دی تو نبی ﷺ نے اس پر کسی حد تک (اس بیوی کو) خبردار کیا اور کسی حد تک درگزر کیا "

وسری جگہ ارشاد ہے: يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ[8]

ترجمہ: "وہ آپ ﷺ کو ایسے ہی پہچانتے ہیں جیسا کہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں "

پس عرف کے معانی میں جان پہچان، معرفت، ادراک وغیرہ پائے جاتے ہیں۔

## پسندیدہ فعل :

عرف اور معروف پسندیدہ افعال کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں جیسا کہ لسان العرب میں ہے :

العرف ضد النكر، وہو كل ماتعرفه النفوس من الخير وتبأبه وتطمئن إليه، والمعروف مايستحسن من الأفعال[9]

ترجمہ:"عرف نکر کی ضد ہے اور اس سے مراد وہ تمام اعمالِ خیر ہیں جن سے نفس انسانی شناسا اور مطمئن ہو جائے اور معروف پسندیدہ افعال کو کہتے ہیں "

قرآن مجید میں ارشاد ہے :

وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰہِلِیْنَ[10] ترجمہ:"اور معروف کی تلقین کیے جاؤ اور جاہلوں سے نہ الجھو "

اس آیت میں معروف سے مراد پسندیدہ افعال ہیں۔ امام جصاصؒ اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

المعروف هو ما حسن فى العقل فعله ولم يكن منكرا عند ذوى العقول الصحيحة [11]

ترجمہ:"معروف وہ کام ہے جس کا کرنا عقلی طور پر پسندیدہ اور مطلوب ہو اور صحیح العقل لوگوں کے ہاں وہ ناپسندیدہ نہ ہو "

امام رازیؒ اسی آیت کے تحت لکھتے ہیں :

ہو كل أمر عرف أنه لابدمن الاتيان به وأن وجوده خير من عدمه[12]

ترجمہ:"معروف ہر وہ امر ہے جس کے بارے میں معروف ہو کہ اس کا انجام دینا ضروری اور یہ کہ اس کا وجود اس کے عدم سے بہتر ہوتا ہے "

جس طرح معروف منکر کی ضد ہے اسی طرف عرف نکر کی ضد ہے۔ قرآنی آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ معروف سے مراد پسندیدہ اعمال و افعال ہیں جیسا کہ درج ذیل آیات سے مزید وضاحت ہوتی ہے :

وَّقُلۡنَ قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا[13] ترجمہ:"اور ان سے اچھے طریقے سے بات کرو "

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے: تَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَتَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ[14]

ترجمہ:"تم پسندیدہ باتوں کا حکم کرتے ہو اور بری باتوں سے منع کرتے ہو "

چنانچہ عرف اور معروف ہر وہ بات ہے جسے نفس انسانی اچھا سمجھے اور عقل اور شریعت میں بھی وہ پسندیدہ ہو جیسا کہ امام راغب اس کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

المعروف اسم لكل فعل يعرف بالعقل أوالشرع حسنه [15]

ترجمہ:"معروف ہر اس چیز کا نام ہے جس کی خوبی عقل یا شریعت کے باعث پسند کی جائے "

عادت کا معنی و مفہوم :

عرف اور عادت دو مختلف فنی اصطلاحات ہیں تاہم وہ تنوع اور اختلاف کے باوجود مترادف کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہیں اور عرف و عادت ترکیب کے طور پر ایک مرکب ہے۔

## عادت کا لغوی معنی :

لغوی طور پر عادت کا اطلاق کسی چیز کے بار بار لوٹ آنے پر ہوتا ہے۔ عادت کا لفظ 'عود' سے بنا ہے جس کا معنی 'لوٹنا' ہے۔ عاد یعود تعودا کا معنی 'لوٹنا' ہے جیسا کہ محاورۃً کہا جاتا ہے (رجعت عودی علی بدئی) "یعنی میں جس طرح آیا اسی طرح لوٹ گیا"۔ لسان العرب میں عادت کے یہی معنی بیان کیے گئے ہیں۔[16]

قرآن مجید میں بھی یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ[17]

ترجمہ:"وہی ذات ہے جس نے تخلیق کی ابتدا کی پھر اسی کی طرف لوٹتا ہے "

ابن امیر الحاجؒ نے بھی اسی رائے کا اظہار کیا ہے کہ عادت سے مراد وہ امور ہیں جو بغیر کسی عقلی تعلق کے بار بار کیے جاتے ہیں۔[18]

المعجم الوسیط میں عادت کا معنی ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: کل مااعتید حتی صار فعل من غیر جھد[19]

ترجمہ:"ہر وہ عمل جو بغیر کسی کوشش کے خود بخود ہو رہا ہو "

اس کا دوسرا معنی یہ بیان کیا گیا ہے :

الحالة تتكرر على نهج واحد[20] ترجمہ:"وہ حالت جو بار بار ایک ہی طریقہ پر وقوع پذیر ہو "

امام راغب اصفہانیؒ عادت کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

العادة اسم لتكرير الفعل والانفعال حتى يصير ذلك سهلا تعاطيه كالطبع ولذلك قيل العادة طبيعة ثانية[21]

ترجمہ:"عادت اس فعل کا نام ہے جو بار بار کرنے اور ہونے سے ایسے آسان ہو جائے جیسے طبیعت ہوتی ہے، اس لیے عادت کو فطرت ثانیہ بھی کہا جاتا ہے "

ان تمام معانی سے معلوم ہوتا ہے کہ عادت کے لغوی طور پر دو معانی مشہور ہیں :

۱۔لوٹنا ۲۔کسی عمل کو بار بار دہرانا

## عرف وعادت کا باہمی تعلق :

ماہرین، قانونِ اسلامی اور اصولیین کے عرف وعادت کے مابین پائے جانے والے تعلق کے بارے میں تین اقوال ہیں :

اصولیین کا پہلا مؤقف یہ ہے کہ عرف وعادت کے درمیان کوئی خاص فرق نہیں اور یہ دونوں ایک ہی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ یہ رائے ان اصولیین وفقہاء کی ہے جنھوں نے ان دونوں کی ایک ہی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے :

العادة والعرف مااستقر فى النفوس وتلقته الطباع السليمة بالقبول[22]

ترجمہ:"یعنی عرف وعادت وہ ہے جو نفوس میں راسخ ہو جائے اور سلیم طبیعتوں کے لیے قابل قبول ہو "

ابن عابدینؒ کی رائے بھی یہی معلوم ہوتی ہے کہ عرف وعادت ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔ وہ فرماتے ہیں :

فالعادة والعرف بمعنى واحد من حيث المصداق، وإن اختلفا من حيث المفهوم[23]

ترجمہ:"عرف وعادت اپنے مصداق کے مطابق ہم معنی ہیں جبکہ مفہوم میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں "

محمد الخضر حسین بھی عرف وعادت کو ایک ہی مفہوم میں خیال کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

العرف والعادة مايغلب على الناس من قول أوفعل أوترك[24]

ترجمہ:"عرف وعادت وہ ہے جو لوگوں میں غالب ہو خواہ قول میں یا فعل میں یا ان کے ترک واجتناب میں "

استاد عبد الوہاب خلاف کے خیال میں بھی عرف وعادت کی ایک ہی تعریف ہے۔ جیسا کہ انہوں نے لکھا ہے :

العرف والعادۃ فی لسان الشرعیین لفظان مترادفان معناہما واحد[25]

ترجمہ:"عرف وعادت ماہرین شریعت کی زبان میں دو مترادف الفاظ ہیں جن کا ایک ہی معنی ہے"

عرف وعادت بطور فقہی ماخذ قانون

فقہاء نے اپنے مکتبہ فکر کے اصول وکلیات کو مد نظر رکھتے ہوئے فقہی قواعد کی ترتیب اور تعداد متعین کی ہے۔ اس طرح کچھ قواعد مخصوص فقہی مذاہب میں پائے جاتے ہیں جبکہ کچھ دیگر میں نہیں۔ تاہم بعض قواعد ایسے بھی ہیں جو تمام مذاہب میں معتبر اور مستند سمجھے جاتے ہیں، جنہیں قواعد کلیہ کہا جاتا ہے۔ ان کی تعداد بعض علماء کے ہاں پانچ اور بعض کے ہاں چھ ہے۔

یہ قواعد کلیہ ائمہ اربعہ کے اصول اجتہاد میں خاص اہمیت رکھتے ہیں، جن میں سے ایک معروف قاعدہ "العادة محکمة" ہے۔ یہ قاعدہ اتنا معتبر سمجھا جاتا ہے کہ قواعد کلیہ کی مختصر فہرست میں شامل ہو جاتا ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ فقہی احکام میں حالات، زمانہ اور معاشرتی رواج (عرف وعادت) کی رعایت ایک قابل اعتماد اصول ہے۔

ایسے قواعد جن کی بنیاد عرف وعادت پر رکھی گئی ہے، ان پر تفصیلی بحث مجلۃ الأحکام العدلیۃ کی دفعات 36 تا 45 میں ملتی ہے، جبکہ ابن نجیم نے بھی اپنی کتاب الأشباہ والنظائر میں اس موضوع پر روشنی ڈالی ہے۔

## عرف وعادت پر مبنی قواعد درج ذیل ہیں:[26]

١ العادۃُ مُحکّمۃٌ عادت اور معمولات شرعی حکم کے قیام کی بنیاد بن سکتے ہیں۔

٢ الحقیقۃُ تُترَکُ بِدلَالَۃِ العَادَۃِ عادت کی دلالت کرنے پر حقیقت کو ترک کر دیا جائے گا۔

٣ اِستِعمَالُ النَّاسِ حُجَّۃٌ یَجِبُ العَمَلُ عام لوگوں کا عملی رواج بھی عمل کے لیے واجب الاطاعت ہے۔

٤ الممتنعُ عَادَۃٌ کالممتنعِ حَقِیقَۃٌ

جو کام عادت کے اعتبار سے منع ہو گا وہ حقیقی ممنوع کی طرح سمجھا جائے گا۔

۵ لا یُنکَرُ تَغَیِیرُ الأَحکَامِ بِتَغَیُّرِ الزَّمَانِ

زمانے کے تبدیل ہو جانے سے احکامات کے بدل جانے کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

٦ اِنَّمَا تُعتَبَرُ العَادَۃُ اِذَا اُطَّرِدَتْ اَوْغُلِبَتْ عادت کا تب معتبر ہو گی جب کلی ہو یا وہ غلبہ پا چکی ہو۔

٧ العِبرَۃُ لِلغَالِبِ الشَّائِعِ لالِلنَّادِرِ وہ عادت قابلِ اعتبار ہو گی جو عام ہو چکی ہو، نادر الوقوع صورت قابل اعتبار نہ ہو گی۔

٨ المَعرُوفُ عُرفًا کَالمَشرُوطِ شَرطًا عرف میں مشہور شے ایسے ہے جیسے کوئی طے شدہ شرط۔

٩ المَعرُوفُ بَینَ التُّجَّارِ کَالمَشرُوطِ بَینَھُم تجار کے یہاں جو بات عرف کا درجہ پا چکی ہو وہ بمنزلہ شرط متصور ہو گی۔

١٠ التَّعیِینُ بِالعُرفِ کَالتَّعیِینِ بِالنَّصِّ عرف کے ذریعے کسی چیز کا تعین ایسا ہی سمجھا جائے گا جیسا کہ نص کے ساتھ اسے متعین کیا گیا ہو۔

فقہاء کے نزدیک عرف وعادت

اسلامی فقہ میں اجتہاد اور عوامی رواج (عرف) کی اہمیت پر اکثریت علماء متفق ہے، تاہم گو ان کے اطلاق اور اس کی شرائط کے حوالے سے کچھ اختلافات پائے جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں، مذہب احناف کے علماء کے مختلف نقطہ نظر درج ذیل ہیں

ابن نجیم مصری لکھتے ہیں " واعلم أن

اعتبار العادة والعرف یرجع الیہ فی الفقہ فی مسائل کثیرہ حتی جعلو اذلک أصلا[27]

(حقیقت یہ ہے کہ عام رواج اور معاشرتی عادات کی بنیاد پر کئی شرعی احکام قائم ہیں، اور بعض فقہاء نے اسے احکام کے اصل مصادر میں شمار کیا ہے)۔

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ عرف شرعی مسائل کے استنباط کے لیے ایک معتبر فقہی معیار ہے۔ اسی طرح آپ کے بعض شاگرد اور فقہی ماخذ بھی اسی رائے کے حامل ہیں۔ البیری اپنی کتاب شرح الاشباہ والنظائر میں بیان کرتے ہیں کہ جو بات عرف سے ثابت ہو جائے، وہ شرعی دلیل کے برابر سمجھی جاتی ہے۔ امام سرخی بھی اس کی تائید کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر کوئی مسئلہ عرف کے مطابق ثابت ہو جائے تو گویا وہ نص کے ذریعے ثابت ہوا ہے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ نص کی غیر موجودگی میں بھی عرف کو اتنی ہی حیثیت حاصل ہے کہ اسے بطور معتبر دلیل تسلیم کیا جا سکتا ہے۔

قبل از اسلام عورت کی حیثیت اور معاشرے کا عرف :

دنیا کے مختلف معاشروں میں بنیادی خرابی اس امر سے پیدا ہوئی کہ عورت اور مرد کے درمیان تخلیقی طور پر امتیاز رکھا گیا اور عورت کو رسا ہمیشہ کم تر اور کم اہم سمجھا گیا جبکہ مرد برتر اور اہم حیثیت کا حامل رہا۔ یہی وجہ تھی کہ قبل از اسلام عورت کو اس کے بنیادی انسانی حقوق سے بھی محروم رکھا گیا، ظلم کی انتہا یہ تھی کہ لڑکی کو پیدا ہوتے ہی زندہ در گور کر دیا جاتا تھا، کیوں کہ اس کی پیدائش نہ صرف منحوس تصور کی جاتی تھی بلکہ باعث ذلت سمجھی جاتی تھی۔ قرآن مجید نے اس بھیانک منظر کی یوں عکاسی کی ہے :

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْۗءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ۭ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰي هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ[28]

ترجمہ:"اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کے پیدا ہونے کی خبر ملتی ہے تو اس کا چہرہ غم کے سبب کالا پڑ جاتا ہے اور اس کے دل کو دیکھو تو وہ اندوہناک ہو جاتا ہے اور اس جز کی وجہ سے وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اور سوچتا ہے کہ آیا ذلت برداشت کر کے لڑکی کو زندہ رہنے دے یا زمین میں دفنا دے "

دلچسپ امر یہ ہے کہ ایک طرف تو بعض عربوں کے یہاں یہ عقیدہ تھا کہ فرشتے خدا کی بیٹیاں ہیں اور ان کی سفارش سے مشکلات حل ہوتی ہیں، تو دوسری طرف وہ انہی بیٹیوں سے نجات حاصل کرنے کے درپے رہتے اور انہیں شدید ذہنی، اخلاقی اور جسمانی دباؤ میں رکھتے۔ قرآن حکیم نے ان کے اس رویے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا :

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ[29]

ترجمہ:"اور جب ان میں سے کسی کو اس چیز کی خوشخبری دی جاتی ہے، جو انہوں نے اللہ کے لیے بیان کی ہے تو اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غم سے بھر جاتا ہے "

دارمی کی ایک معروف روایت میں ہے جس میں ایک شخص نے بتایا کہ وہ زمانہ جاہلیت میں کس طرح اپنی بیٹیوں کو زندہ دفن کرتے تھے[30]

قبیلہ بنی تمیم کے رئیس قیس بن عاصم جب اسلام لائے تو انہوں نے بھی لڑکیوں کو زندہ در گور کرنے کا اپنا واقعہ سنایا۔ تفسیر ابن جریر میں ہے :

عن قتادہ، قال : جاء قیس بن عاصم التمیمی إلی النبیﷺ فقال : إنی وأدت ثمانی بنات فی الجاہلیة، قال، فاعتیق عن کل واحدةٍ جدنة[31]

ترجمہ:"قتادہ روایت کرتے ہیں کہ قیس بن عاصم آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور کہا کہ میں نے اپنے ہاتھ سے آٹھ لڑکیاں زندہ دفن کی ہیں زمانہ جاہلیت میں، آپ ﷺ نے فرمایا ہر لڑکی کے کفارہ میں ایک اونٹ قربانی کرو "

عربوں میں مرد کے لیے عورتوں کی کوئی قید نہ تھی، بھیڑ بکریوں کی طرح جتنی چاہتا، عورتوں کو شادی کے بندھن میں باندھ لیتا تھا۔ کتب احادیث میں ان اشخاص کا ذکر موجود ہے جو قبول اسلام سے پہلے چار سے زیادہ بیویاں رکھتے تھے۔ ان میں سے ایک واقعہ درج کیا جاتا ہے :

عن حارث بن قیس قال: اسلمت وعندی ثمان نسوة، فذکرت ذلک النبی ﷺ، فقال النبی ﷺ اختر منہن اربعاً[32]

ترجمہ:"حارث بن قیس کہتے ہیں کہ میں اسلام لایا تو میری آٹھ بیویاں تھیں، میں نے نبی ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا ان میں سے چار کو اختیار کر لو "

عربوں میں عورتوں اور بچوں کو میراث سے ویسے ہی محروم رکھا جاتا تھا اور لوگوں کا نظریہ یہ تھا کہ میراث کا حق صرف ان مردوں کو پہنچتا ہے جو لڑنے اور کنبے کی حفاظت کرنے کے قابل ہوں، اس کے علاوہ مرنے والوں کے وارثوں میں جو زیادہ طاقت ور اور بااثر ہوتا تھا وہ بلا تامل ساری میراث سمیٹ لیتا تھا۔

عبدالرحمٰن خان صاحب کے بقول :

"

بلاد عرب کے حالات بھی یورپ سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھے، وہاں بھی عورتیں دوسرے مال منقولہ کی طرح مرد کی ملکیت سمجھی جاتی تھی، اس کی حیثیت بالکل چوپائیوں کی سی تھی اور چوپائیوں کے ساتھ ہی اکثر جہیز میں دی جاتی تھی، اسے محض لذت کشی کا آلہ تصور کیا جاتا تھا، ناجائز تعلقات کی وسعت کی وجہ سے موجودہ یورپ کی طرح وہاں کا نظام بھی درہم برہم ہو چکا تھا، ان کا طرزِ نکاح بے غیرتی کا پورا آئینہ تھا "[33]

عرب میں عورت کو ذلیل کرنے اور اسے تنگ کرنے کے لیے ایک طریقہ یہ بھی تھا کہ جب کوئی مرد اپنی بیوی کو گھر سے نکالنا چاہتا تو ایسے نکالتا کہ نہ اسے طلاق یعنی آزادی دیتا اور نہ ہی گھر میں بحیثیت بیوی کے اپنے پاس رکھتا، جناب عبدالصمد صارم کے بقول :

" عرب میں عورت ایک شے قابل استعمال سمجھی جاتی تھی، تعداد ازدواج کی کوئی حد مقرر نہ تھی، بعض شریر، عورتوں کو برسوں معلقہ کر کے رکھتے تھے، ترکہ میں عورت کا کوئی حق نہ تھا، وہ کسی چیز کی مالک نہ تھی[34] "

قرآن عظیم کی درج آیت ایسے ہی موقع کے بارے میں تری ہے :

فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ[35]

ترجمہ: "اسے معلق نہ رکھو یا تو اچھی طرح حسنِ معاشرت کرو یا اچھی طرح رخصت کر دو "

مستدرک حاکم میں بھی ایک روایت مذکورہ بالا رسم کے ثبوت میں ملتی ہے :

عرب معاشرے میں بالشبہ بعض اوقات عورت کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہو جاتا تھا لیکن مجموعی طور پر وہ کبھی بھی حاکم یا مالکہ نہ بن سکتی تھی بلکہ اپنی زندگی کے سفر کا فیصلہ بھی خود نہ کر سکتی تھی، مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری نے اس حوالے سے خوبصورت عکاسی کی ہے۔ لکھتے ہیں :

" بسا اوقات عورت چاہتی تو قبائل کو صلح کے لیے اکٹھا کر دیتی اور چاہتی تو ان کے درمیان جنگ اور خونریزی کے شعلے بھڑکا دیتی، لیکن ان سب کے باوجود بلا نزاع مرد ہی کو خاندان کا سربراہ مانا جاتا تھا اور اس کی بات فیصلہ کن ہوا کرتی تھی.......... عورت کو یہ حق نہ تھا کہ ان (اولیاء) کی ولائت کے بغیر اپنے طور پر اپنا نکاح کرلے[36] "

ان کی جاہلانہ رسوم میں سے ایک رسم ایسی بھی تھی جس سے عورت کی بے بسی کے ساتھ ساتھ اس پر بداعتمادی کا کھلا اظہار ہوتا ہے، وہ رسم یہ تھی کہ جب کوئی سفر پر جاتا تو ایک دھاگا کسی درخت کی ٹہنی کے ساتھ باندھ دیتا یا اس کے تنے کے ارد گرد لپیٹ دیتا، جب سفر سے واپس آتا تو اس دھاگے کو دیکھتا، اگر وہ صحیح سلامت ہوتا تو وہ سمجھتا کہ اس کی بیوی نے اس کی غیر حاضری میں کوئی خیانت نہیں کی اور اگر وہ اسے ٹوٹا ہوا یا کھلا ہوا پاتا تو خیال کرتا کہ اس کی بیوی نے اس کی غیر حاضری میں بدکاری کا ارتکاب کیا ہے، اس دھاگے کو "الرتم" کہا جاتا۔[37]

اسلام میں عورت کا مقام :

خطبہ حجۃ الوداع جو انسانی حقوق کا بنیادی اور عالمی منشور ہے، اس میں آپؐ نے خواتین کے حقوق ادا کرنے کی خاص تاکید فرمائی، یہ خطبہ پیغمبر علیہ السلام کی زندگی کے آخری حصے میں پیش کیا گیا اور یہ تمام تر اسلامی تعلیمات کا نچوڑ سمجھا جاتا ہے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

استوصوا بالنساء خيرا فإنهن عندكم عوان ليس تملكون منهن شيئا غير ذلك إلا أن يأتين بفاحشة مبينة فإن فعلن فاهجروهن في المضاجع واضربوهن ضربا غير مبرح فإن أطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلا إن لكم من نسائكم حقا ولنسائكم عليكم حقا فأما حقكم على نسائكم فلا يوطئن فرشكم من تكرهون ولا يأذن في بيوتكم لمن تكرهون ألا وحقهن عليكم أن تحسنوا إليهن في كسوتهن وطعامهن[38]

ترجمہ: "عورتوں کے ساتھ نیک سلوک کرنے کے بارے میں میری وصیت کو قبول کرو۔ وہ تمہارے قبضہ میں ہیں۔ تم کو اس کے علاوہ ان پر کوئی اختیار نہیں۔ مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کے ساتھ آئیں۔ پھر اگر وہ ایسا کریں تو ان کو اتنا مارو جو تکلیف دہ نہ ہو۔ پھر اگر وہ تمہاری تابعداری کریں تو ان پر کوئی راستہ تلاش نہ کرو۔ بے شک تمہارے لئے تمہاری عورتوں میں سے حق ہے اور تمہاری عورتوں کے لئے تم پر حق ہے۔ جہاں تک تمہاری عورتوں پر تمہارا حق ہے وہ تمہارے بستر کو نہ روندوائیں، جسے تم ناپسند کرتے ہو۔ اور تمہارے گھروں میں اس شخص کو اجازت نہ دیں جس کو تم ناپسند کرتے ہو۔ خبردار رہو اور ان عورتوں کا حق تم پر ہے کہ تم ان کے ساتھ ان کے پہننے اور ان کے کھانے میں احسان کرو"

فلسفہ حقوق، اسلامی نقطہ نظر اور مغرب:

اسلام نے مغرب سے کئی سو سال پہلے انسانوں کو ان کے جائز حقوق اور اپنے فرائض ادا کرنے کا حکم دیا۔ مغربی دنیا میں "میگنا کارٹا" انسانی حقوق کی پہلی باضابطہ دستاویز تھی۔ جس میں بادشاہوں اور جاگیرداروں کے علاوہ کچھ عام لوگوں کے حقوق بھی مقرر کئے گئے۔ انقلاب فرانس (۱۷۸۹ء) کے نتیجے میں تیار ہونے والی دستاویز "انسانی حقوق کا اعلامیہ (Declaration of the rights of man)" اس سلسلہ کی دوسری دستاویز ہے۔ جس کی رو سے تمام اختیارات معاشرہ کو منتقل ہو چکے ہیں۔ معاشرہ یا اس کے منتخب نمائندے بااختیار ہوں گے۔ اقوام متحدہ کا انسانی حقوق کا چارٹر تیسری اہم دستاویز ہے۔ "میگنا کارٹا" مغرب میں انسانی حقوق کا آغاز تھا جبکہ اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کا چارٹر انسانی حقوق کا اختتام ہے۔ میگنا کارٹا ۱۲۱۵ء میں پیش ہوئی جبکہ اقوام متحدہ کا چارٹر برائے انسانی حقوق ۱۹۴۸ء میں منظور ہوا مغربی انسانی حقوق کی تاریخ صرف سات صدیوں پر محیط ہے۔

ڈاکٹر سلیمان بن عبد الرحمٰن الحقیل "اسلام میں حقوق کی حیثیت" بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ میں بیان شدہ انسانی حقوق ابدی ہیں وہ تراش خراش اور ترمیم و تنسیخ اور التوا کو قبول نہیں کرتے۔ وہ ایسے حقوق ہیں جنہیں اللہ نے مشروع کیا ہے کسی بشر کو خواہ وہ کوئی بھی ہو یہ حق نہیں کہ وہ انہیں معطل کرے یا انہیں پامال کرے اور نہ ہی ان کی ذاتی حفاظت ساقط ہو سکتی ہے۔ نہ تو کسی فرد کے دست بردار ہونے کے ارادے سے اور نہ ہی تنظیموں کی شکل میں موجود معاشرے کی مرضی سے۔ ان کا مزاج خواہ کیسا ہو اور خواہ قوتیں انہیں کیا سمجھیں ہوں[39] "

عورتوں کے حقوق کے تعین میں عرف وعادت کی تاثیر

انسانی تاریخ کے مختلف ادوار میں عورتوں کے حقوق کا تعین صرف قانونی نظاموں یا مذہبی تعلیمات کے ذریعے نہیں ہوا بلکہ معاشرتی رسم و رواج، عرف اور عادات نے بھی اس میں گہرا اثر ڈالا ہے۔ معاشروں میں عورت کے مقام، اس کے حقوق و فرائض اور اس کے کردار کا تصور انہی روایتی اقدار سے جنم لیتا رہا ہے جو نسل در نسل منتقل ہوتی رہی ہیں۔ یہی عرف وعادت اکثر عورت کی تعلیم، روزگار، جائیداد کے حقوق اور سماجی شرکت کی حدود طے کرتی ہیں۔ اس لیے یہ سمجھنا نہایت اہم ہے کہ رسم و رواج عورتوں کے حقوق کے تعین میں کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں اور یہ اثرات معاشرتی ترقی یا پسماندگی میں کیا کردار ادا کرتے ہیں۔

تاریخی پس منظر

قدیم زمانے میں جب قوانین کی تدوین نہیں ہوئی تھی تو معاشرتی نظم و ضبط کا انحصار رسم و رواج پر تھا۔ انہی عرفی اصولوں کے تحت مرد و عورت کے حقوق و فرائض طے کیے جاتے تھے۔ مثال کے طور پر قدیم روم میں Patria Potestas کے قانون کے تحت مرد کو خاندان پر مکمل اختیار حاصل تھا اور عورت کو خود مختاری کے محدود مواقع میسر تھے۔ اسی طرح قبل از اسلام عرب معاشرہ قبائلی روایات کے تابع تھا، جہاں عورت کو وراثت اور جائیداد میں کوئی حق حاصل نہ تھا اور اسے محض ایک مرد کی ملکیت سمجھا جاتا تھا۔

وقت کے ساتھ مذہبی اور فکری تحریکوں نے ان غیر منصفانہ روایات کو چیلنج کیا۔ اسلام، عیسائیت اور دیگر مذاہب نے عورت کے مقام کو از سرِ نو متعین کیا، مگر اکثر اوقات مذہبی تعلیمات کے باوجود سماجی رسم ورواج نے ان حقوق کے عملی نفاذ کو محدود رکھا۔ یہی تضاد آج بھی کئی معاشروں میں خواتین کے مسائل کی جڑ ہے۔

## رسم ورواج کا دوہرا کردار

رسم ورواج بذاتِ خود ظلم یا امتیاز کا ذریعہ نہیں ہوتے؛ یہ معاشرتی سیاق وسباق کے مطابق مثبت یا منفی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ کئی قدیم معاشروں میں عورت کو نمایاں سماجی اور روحانی حیثیت حاصل تھی۔ مثلاً افریقہ کے اکان (Akan) یا شمالی امریکا کے اَیروکوئیس (Iroquois) قبائل میں نسب کا سلسلہ ماں سے چلتا تھا اور عورتوں کو معاشرتی فیصلوں میں کلیدی کردار حاصل تھا۔

اس کے برعکس، پدرشاہی (Patriarchal) معاشروں میں انہی رسم ورواج کو عورتوں کے خلاف امتیاز کے جواز کے طور پر استعمال کیا گیا۔ جہیز، پردہ، کم عمری میں شادی، اور لڑکوں کو ترجیح دینے جیسے رواج ایسے ہیں جو عورتوں کو تعلیم، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی سے محروم رکھتے ہیں۔ اس طرح کی روایات، اگرچہ ثقافتی ورثے کے نام پر جاری ہیں، درحقیقت صنفی نابرابری کو مضبوط کرتی ہیں۔[40]

قانونی وسیاسی حقوق پر اثرات

